
© rasailojaraid.com



جناب اختر راہی ایم اے

سمیع الحق



# تعارف و تبصرہ کتب

**دعوات حق** | افادات : شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مدظلہ العالی ۔ ترتیب و تزئین : سمیع الحق ۔

ناشر : مؤتمر المصنفین دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک ضلع پشاور ۔ صفحات : ۶۷۲ طباعت : عمدہ ۔ قیمت ۳۰/- روپے

قارئین الحق کیلئے حضرت شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مدظلہ العالی کی شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں ان کے افکار ، یالات الحق کی زینت بنتے رہے ہیں اور اُن ہی کی سرپرستی میں یہ بزم سجی ہوئی ہے ۔

'دعوات حق' مولانا موصوف کے مواعظ ، خطبات جمعہ اور چند تحریروں کا مجموعہ ہے ، موصوف ان معنوں میں مقرر یا خطیب نہیں کہ الفاظ کا جادو جگاتے ، شعلے اگلتے اور موتی رولتے ہوں ۔ یہ انداز تقریر کسی نصب العین سے وابستہ کارکنوں کو تیز تر کر سکتا ہے ، لیکن خود نصب العین کو دل و دماغ میں پیوست نہیں کرتا مولانا موصوف ایک ریفارمر ( REFORMER ) ہیں ۔ وہ ذہن و فکر کی الجھنیں دور کرتے ہیں ، جدید باطل نظریات کے کانٹے چنتے ہیں اور ذوق نظر کی پختگی کے لئے کوشاں ہیں ، اُن کے پیش نظر عوام اور خاص طور پر نوجوان نسل کے انداز فکر کو درست کرنا ہے ۔ تاکہ اس بنیاد پر ان کے جذبوں کو رواں کیا جا سکے ۔ اُن کا انداز بیان سادہ ، رواں اور ایک مصلح اور داعی کی مانند عوام کی ذہنی سطح کے مطابق ہے انہوں نے عبادات و معاملات ، قوانین معاشرت ، اصول مدنیت اور ایسے ہی دوسرے اہم موضوعات پر محدود وقت میں خطاب کیا اور اپنی بات بطور احسن سمجھائی ہے ، اُن کا انداز بیان بجا طور پر " از دل خیزد بر دل ریزد " کے مصداق ہے ۔ بعض اوقات تذکیر و تانیث کا الٹ پھیر ہو جاتا ہے مگر یہ الٹ پھیر بے ساختگی کا منہ بولتا ثبوت ہے ۔ قواعد کی پابندیاں ، مقصد میں رکاوٹ نہیں بن سکتیں اور پھر بقول اقبالؒ ؎

الفاظ کے پیچوں میں الجھتے نہیں دانا غواص کو مطلب ہے صدف سے کہ گہر سے

'دعوات حق' کی اشاعت ، مولانا سمیع الحق کی محنت اور لگن کا نتیجہ ہے ۔ انہوں نے تقاریر کو حسن ترتیب اور ضمنی سرخیوں سے سجا کر دو آتشہ کر دیا ہے ۔ مؤتمر المصنفین کی یہ پہلی پیشکش دامن دل کو بے تابانہ کھینچ لیتی ہے ۔

ملک کے اہل علم اور خاص طور پر خطیب حضرات کو مشورہ دوں گا کہ وہ اس مجموعہ کا ضرور مطالعہ کریں تاکہ ملک و قوم کے مسائل کا صحیح اندازہ کرنے اور ان کا حل تلاش کرنے میں مدد دے سکیں ۔ آخر میں قاری محمد طیب صاحب مدظلہ العالی کے اقتباس پر اپنی بات ختم کرتا ہوں کہ :

" اس کتاب کی قدر و قیمت کے لئے یہ حجت کافی ہے کہ مولانا ممدوح کے افکار عالیہ کا ذخیرہ ہے ۔"

( اختر راہی )



© rasailojaraid.com